ہند برای مقتدا و مکرم بالاکرام از قیام مروج و اکرام اشخاص موصوفین از قیام
و غیرہ بحکم کتب حدیث و شروح ثابت وقال النووی القیام للقادم من اہل
الفضل مستحب ولیس بمنہی کما توہم وقال القاضی عیاض القیام المنہی ہو ان یقوموا
علیہ جالسا طول جلوسہ وقال الغزالی المنہی القیام للتعظیم لا علی سبیل الاکرام
۱۲ حاشیہ مشکوۃ قولہ فلیتبوأ مقعدہ من النار قیل ہذا الوعید لمن سلک
فی طریق التکبر لقرینۃ السرور للتمثل واما اذا لم یطلب ذلک وقاموا من
تلقاء انفسہم طلبا للثواب او لارادۃ التواضع فلا باس بہ وقد روی
البیہقی فی شعب الایمان عن الخطابی فی معنی الحدیث ہو ان یامرہم
بذلک ویلزمہم ایاہ علی مذہب الکبر والنخوۃ قال وفی الحدیث دلالۃ
علی ان قیام المرء بین یدی الرئیس الفاضل والوالی العادل وقیام المتعلم

للقادم مستحب غير مكروه وقال السيوطي هذا القيام على وجه البر والاكرام كما كان
قيام الانصار لسعد وقيام طلحة لكعب بن مالك ولا ينبغي للذي يقام له ان يريد
ذلك من صاحبه حتى ان لم يفعل حقد عليه او شكاه او عاتبه ١٢ مرقاة على شرح
مشكوة قولنا العلماء من كراهة هذه الكراهة بسبب الاتحاد الموجب لرفع
التكلف والحشمة فان الاداب الظاهرة عنوان الاداب الباطنة واذا صفت
القلوب بالمحبة استغنى عن تكلف اظهار ما فيها والحاصل ان القيام يختلف
بحسب الازمان والاحوال والاشخاص ١٢ وانما ينبغي لتعظيم العلم والصلاح
ذكره ابن مالك وقال شارح من علمائنا ايضا واذا كان القيام للتعظيم لله تعالى
يحسن انتهى وفيه ان كلا منهما لا يلائم النهي بقوموا فانهم لا شك انهم انما قاموا
لله وتعظيما لرسول الله صلى الله عليه وسلم ولعل الوجه ان يقال قوموا قوموا
متمثلين فنهاهم عن ذلك وعبر عنه بمطلق القيام للمبالغة في المرام والمراد
بالقيام الوقت ١٢ ملا علي شرح مشكوة هر گاه كه اكرام معلم وسادات واهل صلاح بالقيام
لتعظيم الله تعالى وبتعظيم رسول الله صلى الله عليه وسلم از بالا ثابت گشت پس قيام بوقت ميلاد
آن سرور كائنات وفخر موجودات صلى الله عليه وسلم تعظيما چگونه جائز نبود كه آداب ظاهر
عنوان آداب باطنه اند وتعظيم قيام بذاته بدعت نيست زيراكه امر رسول الله صلى الله عليه
وسلم براى انصار در حق سعد بالقيام در حديث ابي سعيد خدري موجود وفعل صحابه
مثل قيام طلحه براى كعب بن مالك هم ثابت گشتى باهم قيام اكراما وحبا لرسول الله
صلى الله عليه وسلم بدعت سيئه نبودى بلكه بدعت حسنه واين امور اكثر در دين مصطفوي
موجود چنانكه خواندن الفاظ نيت صلوة كه سنت علماء است ولي في هذا المقام سعة
مقال ونهاية تحقيق لكن اوجزت لخوف الاطناب والله الموفق في مغفرة الذنوب
والمعاصي والله يهدي من يشاء الى صراط مستقيم كتبه العاصي الراجي الى
رحمة الله تعالى بسجاده رسول الله صلى الله عليه وسلم وحبه بمغفرة الذنوب والمعاصي
خليفه عار العلماء ظهور حسن الرام فوري المصطفى آبادي

سيد ظهور حسن
علم وعمل اشتهرت

هذه الاحادیث والروایات صحیحة — سید یعقوب علی رضوی

نظرت هذه العبارة والروایات فوجدت صحیحا لا شک فیه — [illegible]

هذا صحیح — نظام الدین احمد

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله الذی لم یقدر علی بیان ثنائه اقلام الاوهام و مرام سهام الافهام والصلوة
والسلام علی سیدنا محمد حبه فی عرصات القیمة اجرا و فخرا للانام وعلی آله واصحابه
الذین هم سما الذی [illegible] ویطوف المسلمین حیدرا ولا یکتب مداحهم انامل الاقلام
وسلم تسلیما کثیرا کثیرا اما بعد فقد وردت استفتاء بان تفکر ساعة فی مدح النبی وتعظیمه
خیر من عبادة ستة [illegible] اس فقیر قلیل البضاعت سید محمد یعقوب علی ابن مولانا سید
عثمان علی شهید ابن حضرت مولانا سید محمد عمر رضوی نے اس بیان کو ذخیرہ آخرت
سمجھ کر بیچ خدمت مومنین صادقین کے بیان کیا کہ بعضی آیات اور حدیث بابت
محبت اور عشق ساتھ نام الله اور رسول کی حاصل کریں اور ورطه ضلالت
میں که اغوای شیطان سے نه پڑیں الله الموفق وولی التوفیق اور عرض ہے خدمت
علماء عالی مقام کی که وه نائب رسول الثقلین ہیں وہ یہ ہے که اگر فی الحقیقت
یہ آیات اور احادیث اور روایات فقہ اور اصول اور سیر کی صحیح ہوں تو ضرور
اس رساله محمدی فی تعظیم النبی الهاشمی الابطحی کو مہر اور دستخط اپنے سے فرماویں
الله تعالی اجر اسکا دونا کریگا کیا فرماتے ہیں علماء دین متین کہ اس صورت میں کہ وقت
پڑھنے ذکر میلاد شریف صلی الله علیه وسلم کے جو کوئی واسطے تعظیم اور توقیر اور
سبب فرط محبت اور عشق ذات بابرکات کے بیٹھنے سے کھڑا ہو جاوے اس امر میں آیا
عند الله وعند الناس وہ شخص ماجور ہووے گا یا نہ اور جو کوئی اس فعل کو حرام
یا مکروہ تحریمی یا بدعت سیئه کہے واسطے اس کے کیا شرع کا حکم ہے بینوا توجروا
الجواب یہ فعل کمال مستحسن اور مستحق ثواب کا ہے کہ جناب سرور کائنات

محبوب الٰہی بہترین تمامی موجودات اور باعث ایجاد مخلوقات کی ہین تعظیم اور توقیر اور عشق
ساتھ اونکی گویا تعظیم اور توقیر اور عشق ساتھ اللہ کی ہی اسواسطی کہ جو مراتب اونکو اللہ تعالی
نی عطا فرمائی ہین کسیکو مخلوقات سی نہین عنایت ہوئی قال اللہ تعالی وَرَفَعْنَا لَكَ
ذِكْرَكَ اور بلند کیا ہمنی واسطی تمہاری ذکر تمہارا یعنی بلند کیا تمکو بیچ نبوت کی اور جمیع
انبیا کی اور شہرت دی تمکو بیچ زمین اور آسمانون کی اور لکھا نام تمہارا اوپر عرش کی
اور جمیع کمالات عنایت فرمائی یہانتک کہ تمہاری تئین ہمراہ خدا جل وعلا کی یاد کرتی
ہین مثلا کہتی ہین اللہ اور رسول نے فرمایا ہی اور اللہ ورسول نی ایسا فرمایا ہی کہ واجب
الاطاعت ہی حدیث شریف مین آیا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی حضرت جبرئیل
سی پوچھا کہ رفع ذکر میرا کسطرح اللہ نی کیا ہی حضرت جبرئیل نی عرض کیا کہ ذکر تمہارا
متصل ذکر اپنی کی کیا ہی اذان اور اقامت اور التحیات اور خطبہ اور کلمۂ طیب اور
کلمۂ شہادت اور امر اطاعت مین کہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول مثل اسکی اور جسکی واقع ہی اور
گناہ مین کہ وَمَن يَعْصِ اللهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ پس جس جگہ ذکر خدا کا آیا ہی ذکر
رسول کا بہی آیا ہی پس محبت اور تعظیم وتکریم رسول کی بعینہ تعظیم اور تکریم اللہ کی
ہی اور جسنی اس معنی سی ہمسرا ابد الآباد کا جہنمی ہوا کذا فی تفسیر الکبیر اور سورۂ انا فتحنا
مین اللہ تعالی فرماتا ہی إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا لِتُؤْمِنُوا بِاللهِ وَرَسُولِهِ
وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا تحقیق بہیجا ہمنی تمکو ای محمد صلی اللہ علیہ
وسلم گواہ افعال اور اقوال امت تمہاری کا اور بشارت دینی والا اور ڈرانیوالا
تو کہ ایمان لاوی امت تمہاری ساتھ اللہ اور رسول کی اور تعظیم کرین وہ لوگ
تمہاری اور بزرگ جانین تمکو اور ساتھ پاکی کی یاد کرین اللہ تعالی کو نماز مین صبح
اور شام یعنی بزرگ جانین اور تعظیم بجا لاوین تمہاری کہ تعظیم تمہاری حقیقت مین
تعظیم اللہ کی ہی اور جسقدر کہ طاقت رہی شرائط تعظیم حسب نہج سی ہوسکی کما ینبغی
بجا لاوی کہ یہہ تعظیم اور توقیر عین ایمان ہی ۔ درحریم سر تعظیمی توکس را راہ نیست
از کمال احتشامت ہیچکس آگاہ نیست ۔ إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللهَ

تحقیق جنھون نی بیعت کی ہی ساتھ تمہارے حدیبیہ مین سوا اسکی نہین کہ بیعت کی اونھون
ساتھ خدا کی اور مراد ان سی بیعت الرضوان ہی یعنی بیعت تمہاری بعینہ بیعت میری
ہی چنانچہ دوسری محل مین فرمایا ہی مَنْ یُطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ کذا فی تفسیر
الحسینی وغیرہ جسکہ اطاعت رسول کی اطاعت اللہ کی ہوئی اور تعظیم اور توقیر اور عشق
ساتھ رسول کی بعینہ عشق اللہ کا ہوئی پس مانع اور منکر اسکا منکر نص قطعی کا ہوا نعوذ باللہ
من جہل الجہلاء مانعین تعظیم حضرت رسالت مآب کی کافر ہین آپ جانا چاہیے کہ فضیلت
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اوپر جمیع انبیای بنی آدم اور جمیع ملائکہ کی تمامی کتب اہل سنت
اور جماعت سی ثابت ہو بسبب اسی شرف کی کہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم بیچ پیشانی
حضرت آدم علیہ السلام کی روشن اور تابان تہا حکم سجدہ کا جمیع ملائکہ کو صادر ہوا اور جس نی
انکار اس سجدہ سی کیا وہ کافر ہوا جب کہ سجدہ تعظیمی بسبب نور محمدی کی آدم کو درست ہوا
پس قیام وقت ذکر مولد شریف اور تصور ذات بابرکات کی کون مانع ہی اللہ تعالی فرماتا ہی
وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ اور جب کہا ہمنی واسطی فرشتون کی سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا سب ملائکہ
نی مگر ابلیس نی انکار کیا اور غرور کیا اور کافرین سی ہوا اور جسکہ اللہ تعالی نی نور محمدی
صلب آدم سی ظاہر کرنا چاہا بسبب برکت اس نور کی چار نعمتین حضرت آدم کو عطا
فرمائین اول خلیفہ اپنا کیا دوم علم کثیر عنایت فرمایا سیوم ملائکہ کو بیچ مقابلہ علم کی
عاجز کیا چہارم ملائکہ سی سجدہ کرایا جو ذات بابرکات ایسی ہو کہ اسکو ملائکہ سجدہ کرین
اسکی تعظیم کی واسطی وقت ذکر میلاد شریف اور وقت تصور ذات بابرکات کی
قیام کو کون مانع ہی جای تعجب ہی کہ واسطی ہنود اور نصاری اور کافہ دان
کی تعظیم سر و قد کرین اور واسطی تعظیم رسول اللہ کی مانع آوین عجب اسلام ہی اور
اتفاق ہی علمای سنت وجماعت کا کہ یہہ سجدہ سجدہ عبادت نہین تہا اسواسطی
کہ سجدہ عبادت واسطی غیر اللہ کی کفر ہی اور کبہی اللہ جل شانہ نی حکم ساتھ کفر اور
منہیات کی ارشاد نہین فرمایا ہی پس کسی حکم سجدہ آدم کا ہوا یہان سی معلوم ہوا

کہ یہہ سجدہ تعظیم تہا نہ سجدہ عبادت اور سجدہ تعظیم درست ہی اور جو مفسرین کہ اس سجدہ کو سجدہ
عبادت کہتی ہیں وہ تاویل یوں کرتی ہیں کہ یہہ سجدہ حقیقت میں واسطی اللہ کی تہا اور
آدم علیہ السلام مثل قبلہ کی تہی کیونکہ سجدہ طرف قبلہ کی کرنی سی سجدہ طرف قبلہ کی نہیں
ہوتا ہی بلکہ سجدہ طرف اللہ ہی کی ہوتا ہی اعلم ان السجود للہ تعالی وادم علیہ السلام
کالقبلۃ یہہ مقام کمال بسط سی تفسیر کبیر میں موجود ہی اور تصور ذات باری کا بلکہ تصور مرشد
سی بہی حضوری حاصل ہوتی ہی اور اس حضوری سی انسان بہت منہیات سی باز
رہتا ہی اور مرشدان نامدار بسبب اسی تصور کی فنا فی الشیخ فنا فی الرسول
فنا فی اللہ تعالی چلی آئی ہیں اور قرآن مجید سی بہی ثابت ہی وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ وَهَمَّ
بِهَا لَوْلَا أَنْ رَأَىٰ بُرْهَانَ رَبِّهِ كَذَٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوءَ وَالْفَحْشَاءَ إِنَّهُ مِنْ
عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ ترجمہ تحقیق قصد کیا اوس عورت نی ساتہہ یوسف کی اور یوسف
نی ساتہہ اوس عورت کی اگر نہ ہوتا یہہ کہ دیکہی اوسنی دلیل پروردگار اپنی کی اسیطرح کیا ہم نی
تو کہ پہیر دیں اوس سی برائی اور بیحیائی تحقیق وہ بندوں ہمارے خالصوں سی تہا جبکہ
حضرت یوسف عم کو بسبب فرط محبت باپ کی ہر دم تصور باپ کی صورت کا رہتا تہا
اللہ تعالی نی صورت یعقوب علیہ السلام کی دکہلائی اور انگلیوں کو یوسف علیہ السلام
کی دکہلائی کہتی ہیں ای یوسف عمل کرتا ہی عمل کمینوں کا اور نام تیرا لکہا ہی انبیاؤ
میں اور بعضوں نی لکہا ہی کہ صورت حضرت یعقوب علیہ السلام کی بہی حضرت جبرئیل
علیہ السلام نی کہیچ تہی وہاں کہ طرف دروازی کی جب دیکہتی تہی یوسف علیہ
السلام باپ کی صورت کو باز رہتی تہی شر زلیخا سی جو کوئی تصور صورت صلی اللہ علیہ وسلم
کا کرتا ہیگا کیوں نہ باز رہیگا شر شیطان سی ہکذا فی التفسیر الکبیر ضرور ہوا اور ہر
مسلمان کی کہ تصور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دلمیں اور تعظیم و تکریم کما ینبغی بجا لاوی
اور اسی جگہہ سی ہی کہ مرشدین کاملین تصور صورت مرشدوں کا ہر دم پیش نگاہ
رکہتی ہیں اور اس عشق اور محبت میں ذوق پیدا کرتی ہیں اور بسبب تصور اونکی کی
حاضری ہو جاتی ہیں اور سجدہ کرتی ہیں اور جمیع حاضرین مجلس واسطی اونکی تعظیم کی

کہڑی ہو جاتی ہین اگر یون تصور صورت حضرت کا کرکی یا واسطی تعظیم نام انکی یا اس
خیال کی جمیع حاضرین مجلس درود پڑہتی ہین اور جہان درود پڑہا جاتا ہی روح مبارک
وہان حاضر ہوتی ہی تعظیم کی واسطی کہڑا ہو جاوی کیسی یہہ فعل ممنوع ہو گا چنانچہ حج
کتاب اٹہوین سماع اور وجد کی احیاء علوم مین لکہا ہی ومنها موافقة القوم في
القيام اذا قام واحد في وجد صادق من غير رياء وتكلف او قام باختيار من
غير اظهار وجد وقام له الجماعة فلا بد من الموافقة اب کچھہ اسباب مین عادت
مستمرین سی بہی گزارش کیا جاتا ہی کہ کہڑا ہونا واسطی اکرام علما اور سادات اور اہل صلاح
اور واسطے استاد کی اور واسطی رئیس والی ملک عادل کی مستحب ہی شکوہ
چنانچہ حدیث سعید خدری کی حوال اوس حال کی ہی کہ حکم کیا رسول صلی اللہ علیہ وسلم
نی انصار کو واسطی تعظیم سعد بن معاذ کی کہ قوموا الی سیدکم اور ایسا ہی قیام طلحہ کا واسطی
کعب بن مالک کی ثابت ہی اور امام بغوی نی کہڑا ہونا واسطی آنیوالی کی خواہ اہل فضل ہی
مستحب کہا ہی اور ایسی نکروہ نہین جانا علاوہ برین وضع ہر دیار اور ہر قوم اور ہر زمانی
کا مختلف ہوتا ہی اور مستمر چلا آتا ہی چنانچہ موطا شریف مین ابن شہاب نی ابی امامہ
سی اور انہون نی خالد بن ولید سی نقل کیا ہی کہ داخل ہوئی رسول صلی اللہ علیہ وسلم
بیچ گہر میمونہ کی اور میمونہ واسطی آپکی طعام لائین فرمایا آپنی کہ کیا ہی یہہ عرض کیا کہ گوشت
گوہ کا ہی آپنی ہاتہہ مبارک کہینچ لیا عورتین بیچ گہر میمونہ کی تہین انہون نی کہا کہ
حرام ہی یہہ گوشت یا رسول اللہ فرمایا نہین لیکن نہین قوم میری مین نہین ہی اور
روایت دوسری مین آیا ہی نہین ہی دیار قوم میری مین بچنا چاہتا ہون اسی خالد نی اسکو
کہا لیا اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی بسبب عدم رواج قوم کی کہانا جبکہ رواج ملک سعد
نزدیک صلی اللہ علیہ وسلم کی معتبر ہوا جو لوگ کہ بسبب رواج ملک کی کہ علما فضلا حنفیہ
کہ اعتقاد انکا خالص اہل سنت وجماعت کا ہو اور میل طرف افراط اور تفریط کی نکرتی
ہون اور قیام کو مولد شریف مین مستحسن جانتی ہون کیا شک ہی اسواسطی کہ اصل
القیام واسطی تعظیم کی ماثور ہی اور جو اصل کہ مطابق اصول شرعیہ کی ہو وہ

تفصیل اس التفات دینکا جائز ہی اور وہ مجملا اوراد حدیث سے ہوئی تھی یہی ہی تمن شق کی تنقیح
حنفیہ علیہ الرحمۃ جائز ہا اور جزین بہی ہمیشگاہ تعظیم استاذ اور ساوات اور اہل صلاح کی عبارت مزفوعہ
بالاسی ثابت ہیں قیام وقت میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیما کس طرح
جائز ہوگا اور یہہ فعل جمیع صحابہ سے ثابت ہی کہ واسطی تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کی وقت تشریف لانیکی کھڑی ہوجاتی تہی اور وقت تشریف لیجانی کی کھڑی ہوتی
تہی یہان تک کہ آپ حجرہ مین داخل ہوتی تہی اور نظر سی غائب ہوجاتی تہی
اور یہہ مشکوٰۃ مین موجود ہی اور آداب ظاہر بعنوان آداب باطنیہ کا ہی اللہ اعطا کیفیت
افعال اور اقوال ضروری ہی اور قیام بذاتہ سنت ہی کہ فعل صحابہ ہی کہ رسول صلی اللہ
علیہ وسلم نی واسطی سعد بن معاذ کی حکم فرمایا ہی بہر وجہ مستحق ثواب ہی اور اکثر ایسی
امور ہیچ دین مصطفوی کی موجود ہین جیسی مثلا الفاظ نیت کا نماز مین کہ سنت
علما ہی اور سنت علما کی بموجب اس حدیث کی واجب العمل ہی ما راٰہ المسلمون حسنا فہو عند اللہ
حسن ہکذا فی شرح المشکوٰۃ ملا علی قاری اور جو لوگ کہ اسکو بدعت سیئہ کہتی ہین وہ
لوگ واقف اصل دین الٰہی سی نہین ہین اسواسطی کہ اصل اشیا مین اباحت ہی جب
تلک کوئی دلیل قطعی مانع اوسکی نہووی ہکذا فی البحر الرائق والہدایہ اور غرائب مین
لکہا ہی کہ بدعت پانچ قسم ہی ایک بدعت واجب جیسی مثلا علم صرف اور نحو کا پڑھنا واسطی
معرفت کلام اللہ اور احادیث کی دوسری ہی بدعت حرام جیسی تعلیم علم فلسفہ تیسری بدعت
مستحب جیسی مصافحہ بعد نماز عصر اور فجر چوتہی بدعت مکروہ جیسی مزین کرنا مسجد
کا سونی اور چاندی اور گل بوٹہ سی پانچوین بدعت مباح جیسی فراخ کرنا اور نوع نکار
طعام واسطی مہمانون کی پکانا اور کل بدعت سیئہ نہین ہوسکتی ہی اسواسطی کہ کل بدعۃ
ضلالۃ عام مخصوص البعض ہی اور قیام تعظیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قسم اول کی
یعنی واجب ہی یا مستحب ہی شرح موطا مین باب مصافحہ مین لکہا ہی عن عبد اللہ الخراسانی
انہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تصافحوا یذہب الغل وتہادوا تحابوا
مذہب اصحابنا وقت علیہ اہل العلم قال النووی ان المصافحۃ مستحبۃ عند

كلّ لقاءٍ وامّا ما اعتاده النّاس من المصافحة بعد صلوٰة الصّبح والعصر فلا اصل له في الشرع على هذا الوجه ولكن لا بأس به لانّ اصل المصافحة سنّة وكونهم حافظوا عليها في بعض الاحوال وفرطوا فيها في كثيرٍ من الاحوال لا يخرج ذلك البعض عن كونه من المصافحة التي ورد الشرع باصلها اقول هكذا ينبغي ان يقال في المصافحة يوم العيد۔ پس کھڑا ہونا وقت میلاد شریف کی یا اوکی زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال مستحسن ہی اور علماء نے بھی یہ لکھا ہی کہ اوکی زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسا کھڑا ہووی جیسا نماز میں کھڑا ہوتا ہی فيتوجّه الى قبره صلّى الله عليه وسلّم فيقف عند راسه ولا يضع يده الى جدار التّربة فهو اهيب واعظم للحرمة ويقف كما يقف في الصّلوٰة ويمثّل صورته الكريمة كانّه نائم في لحده عالم به يسمع كلامه كذا في الاختيار شرح المختار اور اجماع علمای حرمین اور بخارا اور علماء ہند وغیرہ کا ہی انکار اجماع کہ نص قطعی ہی کفر ہی لا يجتمع امّتي على الضلالة اور مخالفت اجماع کی کرنا مصداق من شذّ شذّ في النار کا ہے اور سید محمد برزنجی کہ امام حدیث اور سیر کی تھی اور تعریف اوکی روضة الاحباب تصنیف عطاء اللہ بن فضل اللہ حسینی میں لکھی ہی کہ وہ معاصر ابن حجر کی تھی اور امام حرمین شریفین تھی اونھوں نے کتاب عقد الجوهر في مولد النبي الازهر میں لکھا ہی وقد استحسن القيام عند ذكر مولده الشريف ائمّة ذو رواية ورويّة فطوبى لمن كان قيامه لتعظيمه صلّى الله عليه وسلّم غاية مرامه ومرماه۔ ودر بهجة الاسرار باسناد يكه در وی دو واسطه بیش نیست روایت کرده که روزی حضرت غوث الثقلین امام شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ عنہ بر کرسی بود وعظ می فرمود وقریب بده هزار کس در پای وی نشسته و وعظ وی حاضر و شیخ علی در زیر پای کرسی شیخ نشسته ناگاه شیخ علی را خواب برد پس شیخ عبد القادر قوم را فرمود اسکتوا پس همه ساکت شدند تا آنکه جز انفاس از ایشان شنیده نمی‌شد پس فرود آمد شیخ از کرسی وایستاد با ادب پیش شیخ علی مذکور و می‌نگریست در روی وی پس بیدار شد شیخ علی وگفت شیخ عبد القادر

باری که دیدی حضرت را در خواب گفت نعم فرمود از جهت ادب نپرسیدم با تو فرمودند
در پیش تو فرمود بچه وصیت کرد ترا آنحضرت صلی الله علیه وسلم گفت بملازمت مجلس تو
پیش شیخ علی گفت آنچه من در خواب دیدم شیخ عبدالقادر در بیداری دید و رفقا
کرده اند که هفت کس از مردان راه در روزه از عالم رفتند رحمة الله علیهم اجمعین
نقل از ترجمه المشکوة للشیخ عبدالحق المحدث الدهلوی قدس سره ملفظه فی کتاب الرد

مقصود علی | شمشاد ظهور حسین علم و عدل | غلام حسین | حافظ شریف حسین | سید یعقوب علی | محمد ضیاء علی خان

سید عالم حسین | سید محمود علی

## استفتای دیگر کیا فرماتی ہین علمای دین و مفتیان

شرع متین اس صورت مین که لوگ بوقت ذکر ولادت با برکت آنحضرت صلی الله علیه وسلم
کی مجلس میلاد شریف مین کھڑے ہو جاتی ہین اور سند کرتی ہین اس مین عمل علمای
حرمین شریفین کا اور مانعین کہتی ہین که یہه ثابت نہین ہوا علمای مجتہدین یا ائمه
سی اور نہ صحابه و تابعین سی پھر اس صورت اختلاف مین جو حق ہو فرمائی اجر دی الله تم کو
جواب اسکا یہه ہی که درمیان ذکر ولادت صلی الله علیه وسلم کی کھڑا ہونا مستحب ہی
اسواسطی که اسپر اجماع علما حنفیه اور شافعیه اور مالکیه اور حنبلیه کا ہی اور وہ جو مانعین کہتی
ہین که ثابت نہین ہوا علمای مجتہدین اور صحابه و تابعین سی یہه بات اونکی دین کی
برباد کرنی والی ہی اور بہت غلط ہی اسواسطی که بہت مسئلی ہین که پیغمبر خدا اور صحابه اور
مجتہدین کی وقت نہین ہوئی ہین لیکن اب وہ واجب ہین یا مستحب یا مباح جیسا تقلید
خاص یعنی حنفی کی کرنی یا شافعی کی کرنی نزدیک علما متاخرین کی واجب ہی حالانکه
حنفی یا شافعی وقت پیغمبر خدا کی نہ تہی نہ ایک امام و پیری کی وقت مین تہا اور اسیطرح
علم فقه اور اصول کا پڑہنا فرض کفایه ہی اور اسیطرح علم صرف اور نحو کا پڑہنا واجب ہی
حالانکه کوئی انمین سی نہین پڑہتا تہا اور نام لینا اوستاد وقت کا اور جمع کرنا ہدایه اور
صحیح بخاری کا تکرار قران پڑہنی کی یا قرائی کا جمع اور خاندان قادریه اور چشتیه
اور دستار بندی کرنا یہ سب مستحب ہی جیسی که شرح وقایه مین مذکور ہی اور نام اہل سنت

فرقان حمید کے بقولہ تعالی مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا جو کوئی لاوے بھلائی
پس واسطے اوسکے ہے دس برابر اوسکے اور ایسا ہی اللہ صاحب نے بیچ دوسری آیت کے فرمایا
قولہ تعالی مَثَلُ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنْبَتَتْ
سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ
وَاسِعٌ عَلِيمٌ مثل اون لوگونکی کہ خرچ کرتے ہین مال اپنا بیچ راہ اللہ کی جیسے مثل ایک دانہ
کی کہ اوگاوے سات بالین بیچ ہر بالی کے سو دانے اور اللہ دونا کرتا ہے واسطے جسکے
چاہے اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے اور مثل اسکی بہت جگہ آیا ہے اور یہی حدیث
صحیح مین آیا ہے کہ بچاوے اپنے کو آگ سے اگرچہ ہو پارہ چھوہارے کا بقولہ علیہ الصلوۃ والسلام
اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ اور مثل اسکی بیچ صدہا احادیث کے آیا ہے بسبب طول کے
کی ترک کیا اور چنانچہ شیخ عبد الحق نے فرمایا ہے جو شخص محفل کرے اور بحسب طاقت
اپنی کے خرچ کرے یہہ امر نہایت مستحسن اور موجب ثواب دارین اور دلیل اوپر فرط محبت
صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے اور ہمیشہ سے اہل اسلام محفلین کرتے مولد رسالت مآب صلی اللہ
علیہ وسلم کرتے تھے اور بحسب طاقت اپنی کے صرف مال کر کے ثواب حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کو پہونچاتے اور فرمایا جو کوئی اس محفل کو کریگا رہیگا وہ اوس سال مین امن
اور امان کے اور حاصل ہووین کے واسطے اوسکے سب مرادین اور جو کوئی اس محفل کی
کرنیکو منع کریگا اوسکے قلب مین جلتے ہے اوسکے دلمین بیماری اور دشمنی ہے اوپر سبب
فوائد اوسکے کتاب ماثبت بالسنۃ مین شیخ نے بسند ابن جزری اور امیر حاج
مرحوم فرماتے ہین ترجمہ اور عبارت اوسکی یہہ ہے کہا ابن جزری نے جس وقت کہ
تہا ابو لہب کافر وہ کہ نازل ہوا قرآن بیچ مذمت اوسکی کے نجات پایا کہ آگ
سے ساتہہ خوشی کرنے شب ولادت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تو کیا حال ہے اوس مسلمان
کا امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ خوشی کرے ساتہہ پیدا ہونے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے اور خرچ کرے وہ جو کچھ کہ میسر ہووے اوسے طرف اوسکی بقدر اوسکی
سے بیچ محبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مرا انہ قسم ہے عمر کو ہنوکی جزا اوسکو مگر اللہ تعالی

ایسا الله کریم ہی یہہ کہ داخل کریگا اوسکو ساتھہ فضل عام اپنی کی بہشت نعیم میں اور
ہمیشہ سی اہل اسلام محفلین کرتی تہی بیچ مہینی ولادت رسول الله صلی الله علیہ وسلم
کی اور عمل کرتی تہی وہ لوگ طعام وشیرینیون کی اور تقسیم کرتی تہی بیچ اون راتونکی کہ
پیدا ہوئی رسول الله صلی الله علیہ وسلم کی ساتھہ طرح طرح کی صدقون کی اور ظاہر کرتی تہی
خوشیونکو اور زیادہ کرتی تہی بیچ نیک کامون کی اور شیرینیونکی اور خوش آوازی
سی پڑھتی تہی احوال مولد شریف رسول الله صلی الله علیہ وسلم کی اور ظاہر کرتی تہی
اوپر اون لطفونکی اوس مکان کو ساتھہ تمام فضل عام کی اور اوس مجلس کی یہ آزمائی گئی
بعضی خاصیت اوسکی یہہ ہی کہ تحقیق وہ محفل پناہ ہی بیچ تمام سالکی اور خوشی کرنی وہ شخص
ساتھہ جلدی پہونچنی حاجت اور مراد کی پس رحمت کری الله تعالی اوس شخص
کو کہ کیا اوسنی راتون مہینی ولادت مبارک رسول الله صلی الله علیہ وسلم کو عیدین تو
کہ ہووی سخت تر علت بیچ قلب اوسکی کی مرض اور دشمنی ہی اور ہر استر تحقیق در آخر
کیا ابن الحاج رحمۃ الله نی بیچ مدخل کی انکار اوس چیز کی سی کہ نکالی ایسا آدمی
بدعتون اور خواہشون طبیعت سی اور غنا سی ساتھہ آلات محرمہ کی نزدیک عمل
مولد شریف کی پس سبب اوس نیت رکھی مسلمان پر ارادہ اوسکی کی ایسا ارادہ کہ
بزرگ ہی اور چلاوی ہمکو راستہ سنت کا پس تحقیق الله تعالی کفایت کرتا ہی
اور بہتر ہی وکیل قال ابن الجزری فاذا کان هذا ابو لهب الکافر الذی نزل القرآن
بذمه جوزی فی النار بفرحه لیلة مولد النبی صلی الله علیه وسلم فما حال المسلم
من امته یسر بمولده ویبذل ما تصل الیه قدرته فی محبته صلی الله علیه
وسلم لعمری انما کان جزاؤه من الله الکریم ان یدخله بفضله العمیم جنات
النعیم ولا زال اهل الاسلام یحتفلون بشهر مولده صلی الله علیه وسلم
ویعملون الولائم ویتصدقون فی لیالیه بانواع الصدقات ویظهرون
السرور ویزیدون فی المبرات ویعتنون بقراءة مولده الکریم ویظهر
علیهم من برکاته کل فضل عظیم ومما جرب من خواصه انه امان فی ذلک

العام وبشریٰ بعاجل نیل البغیة والمرام فرحم اللہ امرءً اتخذ لیالی شہر مولده
المبارک اعیادا لیکون اشد علة علی من فی قلبه مرض وعناد ولقد اطنب
ابن الحاج فی المدخل فی الانکار علی ما احدثه الناس من البدع والاھواء و
الغناء بالآلات المحرمة عند عمل المولد الشریف فاللہ تعالیٰ یثیبه علی قصده
الجمیل ویسلک بنا سبیل السنة فانه حسبنا ونعم الوکیل اور ایسا ہی جابجا
آیا ہی اور کہڑا ہونا اس وقت مین سبب تکریم اور تعظیم ذکر تولد سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم
کی درست ہی بلکہ بہتر اور مستحسن کہا ہی تمام علما ہی حرمین شریفین نے اور ائمہ صاحب
ہدایت اور اکثر علما ہند نے بوقت ذکر تولد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ضرور کہڑا
ہوجاوی لیکن ہر وقت نام مبارک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سنکی کہڑا ہونا ضرور
نہین ہی موجب تکلیف کا ہی اور تکلیف مالا یطاق نہی زیادہ خوب نہین اور اس
کہڑی ہونیکی سند کتاب عقد الجوہر فی مولد النبی الازہر مین ہی سند سید محمد برزنجی
رحمه اللہ تعالیٰ کی مرقوم ہی یہه ہی ہذا وقد استحسن القیام عند ذکر مولده الشریف
ائمة ذو روایة ورویة فطوبیٰ لمن کان تعظیمه صلی اللہ علیه وسلم غایة مرامه ومرماه
وہکذا ذکره بالتصریح الصریح مولانا سلامت اللہ کانپوری نی جواب ہذه المسئلہ
وکذا مولانا رفیع الدین خان رحمه اللہ تعالیٰ فی الدنیا والدین مرادآبادی اور
نہی ہدایہ مین لکہا ہی تعامل کا اعتبار نزدیک امام اعظم وامام ابو یوسف وامام محمد
رحمهم اللہ اور تمام فقہا کی معتبر ہی جب تک کوئی مانع نپائی جاوی اور اسکا
کوئی نص مانع اسکی نہین ہی اور عبارت اوسکی یہه ہی والمنصوص علیه فهو محمول
علی عادات الناس لانها دلالة ہدایہ بیع اور یہی صحیح حدیث کی آیا ہی کہ جسکو علما
اور فضلا اور تمام مسلمان نیک جانتے ہین اوسکو اللہ عزوجل بہی نیک جانتا
ہی ہدایہ اور در مختار اور جامع وغیرہ مین بروایت ابن مسعود رضی اللہ عنه
منقول ہی کہ ما رآه المسلمون حسنا فهو عند اللہ حسن اور نور الانوار شرح منار مین
اکثر دلائل اجماع کی ہی اور بہتر ہی اس امت کی قرآن شریف سی ثابت کی ہی اور

جمہور انام قیام میکنند **جواب** جمہور مسلمین اور فقہا و محدثین کافہ بلاد اسلامیہ از حرمین محترمین
تمام عرب از حجاز و شام و یمن و مغرب و عراق و ہند و فارس قیام بروقت ذکر ولادت حضرت
رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم در مجلس میلاد شریف مستحسن نوشتہ اند و علیہ الاجماع چنانچہ امام برزنجی
در عقد جوہر ہم آوردہ و عبارتہ ہکذا وقد استحسن القیام عند ذکر مولدہ الشریف صلعم وکذا جاء فی المواہب
وقال بعض فی المواہب فطوبی لمن کان تعظیمہ صلعم غایۃ مرامہ و مرماہ و فی بحث الفرح من الوہابیۃ علماء
المواہب الاربعۃ افتوا بجوازہ وعن جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا اشرف
الناس حسبا ولا فخر واکرم الناس قدرا ولا فخر ایہا الناس انا من اتانا اتیناہ ومن اکرمنا اکرمناہ ومن کاتبنا
کاتبناہ ومن شیع موتانا شیعنا موتاہ ومن قام بحقنا قمنا بحقہ ایہا الناس جالسوا الناس علی قدر
احسابہم وخالطوا الناس علی قدر ادیانہم وانزلوا الناس علی قدر منازلہم فداروا الناس بعقولکم
فثبت من ہذا النص القیام فینبغی لکل مسلم ان یتعلق بالہ بما یسعہ طاقتہ علی محبۃ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم و بضیفہ صلعم ابتغاء لوجہ اللہ تعالی ذلک من اعطاء الحب بالافعال شفقتہ علیہ
ولم یضیفہ صلعم فعسی ان یکون قد جفا کما کان قد جفی من ذکر صلی اللہ علیہ وسلم عندہ فلم یصل علیہ کذا فی
منتخب کنز العمال للمتقی الہندی نقل عن بعض المشایخ انہ صلعم رای فی المنام و قال صلی اللہ علیہ وسلم
یا فلان اخبر احبابکم فی مجلسکم الذی اجتمعتم فیہ فاتقنوا ان روحی تحضر بالادب فی نفحۃ الطائفین
روی رجل فی بغداد وکان یصنع فی کل سنۃ مولد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ویجمع الناس
علی تلاوۃ القرآن ویطعم الطعام ویکثر الارامل والایتام التماسا برکۃ مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وکان بجوارہ یہودی فقالت لہ زوجتہ ما بال جارنا المسلم ینفق بالاجزلا فی کل عام فی ہذا الشہر دون
سائر الشہور فقال لہا زوجہا یزعم ان نبیہ ولد فیہ فہو یفعل ذلک کرامتہ لہ فناما لیلتہما وکان فی
قلب الزوجۃ اشتیاق المصطفی صلی اللہ علیہ وسلم فرأت فی المنام کان رجلا جمیل الوجہ کثیر الانوار
قد دخل بیت جارہا المسلم وحولہ جماعۃ من اصحابہ کالاقمار وہم یعظمونہ ویجلونہ فقالت لواحد منہم
من ہذا الجمیل الوجہ کثیر الانوار فقال لہا ہذا محمد المختار صلعم قد دخل فی بیت جارکم المسلم یدور رہم
لفرحہم قالت ہل یکلمنی ان اکلمتہ فقال لہا نعم فاتت الیہ فقالت یا محمد فقال لہا لبیک یا امۃ اللہ
فبکت وقالت یا رسول اللہ تجیب مثلی بالتلبیۃ وانا علی غیر دینک ومن اعدائک فقال لہا والذی

بعثنی بما یحق بہ یا احبت بذلک حتی علمت ان اللہ تعالی قد ہداک فقالت لہ انک لنبی کریم وانک
لعلی خلق عظیم نعص من خالف امرک وخاب من جہل قدرک امدد یدک فاشہد ان لا الہ الا اللہ وان
محمدا رسول اللہ فاستیقظت وہی فرحۃ مسرورۃ بہذا المنام حیث رأت سید الانام صلعم ودخلت فی
ملۃ الاسلام فعہدت اللہ فی سرہا انہا اذا اصبحت تصدقت بجمیع ما تملکہ وتعمل مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فرحا باسلامہا وشکرا للرؤیا التی رأتہا فلما اصبحت رأت زوجہا قد ہیأ الولیمۃ تہیئۃ عظیمۃ واظہر من ساعدہ
بنیۃ رفیعۃ ووضع القدور علی النار وہو یجدہا بنفسہ وعلیہ اثر الفرح والسرور والاستبشار فقال لہا
مالی اراک فی ہیئۃ صالحۃ قالت لہ من اجل الذی اسلمت علی یدیہ البارحۃ فقال الحمد للہ الذی جمعنی
وایاک علی دین الاسلام وانقذنا من الکفر والظلام ببرکۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

| محمد فضل حق |
| --- |

| مفتی محمد شرف الدین | ذبیح اللہ | محمد جلال الدین | غلام حسین | وحید الدین | محمد فضل اللہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| عمدۃ العلماء شیخ محی الدین | اللہ مؤید بنصرہ من یشاء | محمد فضل حسن |
| --- | --- | --- |

قال العبد الضعیف عبد الحق بن مولانا
ملک العلماء محمد خلیل الرحمن المصطفی آبادی علیہما فضل الرحمن الہادی لاشک ان القیام لتعظیم رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم عند ذکر مولدہ صلعم بدلائل کثیرۃ ثابت بحیث لاریب فیہا وروی احمد وابوداود
عن ابی ذر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلعم من فارق الجماعۃ شبرا فقد خلع ربقۃ الاسلام من عنقہ
کذا فی المشکوۃ فعلی النقصان فی القیام من قدر قیام الجماعۃ شبرا یخرج ناقص القیام من الجماعۃ فافہم

| محمد عبد الحق | محمد عبد الواحد | محمد حیات |
| --- | --- | --- |

قال اللہ تعالی لتعزروہ وتوقروہ والقیام المذکور من التوقیر

| عبد الرب |
| --- |

اصاب من اجاب

| محمد عبد العلی |
| --- |

قیام جماعۃ حاضرۃ عند ذکر میلاد رسول اللہ صلعم اکراما
وتعظیما لہ صلعم حسن عند العلماء کما یستفاد من قولہ تعالی ورفعنا لک ذکرک

| ظہور حسین |
| --- |

تعظیم رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بای وجہ تیسر فہو واجب من الایمان قال اللہ تعالی انا ارسلناک شاہدا ومبشرا ونذیرا
لتؤمنوا باللہ ورسولہ وتعزروہ وتوقروہ فالقیام عند ذکر ولادتہ صلعم عند قرأۃ المولد الشریف لکونہا
افراد تعظیمہ الواجب القطعی من الایمان مستحسنۃ علماء مصر والشام والیمن وقال بہ کل مومن
فالطاعن فیہ یخاف علیہ من زوال الایمان ورسوخ اتباع الشیطان اولئک حزب الشیطان
الا ان حزب الشیطان ہم الخاسرون کتب ذلک الراجی الی عفو ربہ القوی الحنفی خلیل الرحمن
المصطفی آبادی عفا اللہ تعالی بلطفہ الخفی یوم التناد

| محمد خلیل الرحمن | محمد ضیاء ابو الحسنی |
| --- | --- |

# یہان سی رد ایک پاک فقرہ جواب الجواب کے شروع ہی

جو بعونہ تعالی براہین ساطعہ وحجج قاطعہ دربارۂ اثبات استحباب محافل مولد شریف واظہار استحسان
مراتب قیام منیف بیان ہو چکی اب حال کساد وزیوفت عبارت رد الجواب سنا چاہی کہ لمع اور
سراب کی طرح بلا توجہ خاطر جاتا رہا قال المنکر الاول قیام یعنی کہڑی ہونا اگرچہ ایک نوع تعظیم آنیوالی کی
واسطے ثابت ہوتی ہی اقول بعد استحسان قیام اسی امر ہی کہ قیام افراد تعظیمیہ وتکریمیہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی سو اس عبارت مجیب سی بہی اقرار وتسلیم اسکا ظاہر وعیان ہی
قولہ مگر کہڑی ہونا حکایت قدوم پر وہ بہی خصوص رسالہ مولود مین ہو اور اگر قران اور حدیث
مین ذکر قدوم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہزار بار آوی کوئی نہ کہڑا ہو یہہ بات کتب شرعیہ
سی معلوم نہین ہوتی ہی فقط واہمہ کا زور ہی اقول سچ ہی کہ تسلیم واقبال کرنا قیام مطلق
کلی کا افراد امور تعظیمیہ سی اور انکار کرنا قیام مقید جزئی کا مجانین ودیوانون کا کام ہی مجیب
نی جو جملہ فقط واہمہ کا زور ہی لکہا اوسکی حق مین سچا ہی کیونکہ باوجود قائل ہونی کلی انسان
ناطق کی ناطق نکہنا عمرو بکر کو کار عاقل وذی شعور نہین ہی اور وہ جو مجیب بطور طنز کی کہتا ہی
کہ اگر قران وحدیث مین ذکر قدوم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یعنی ذکر ولادت شریف ہزار بار
آوی کوئی نہ کہڑا ہو فقط یہہ کلمہ بہی بمقتضائی جوش جنون اوسکی قلم سی نکلا قران مجید مین
ذکر ولادت کا کہان ہی کہ ہزار بار کسیکی زبان پر آوی افسوس یہہ شخص سید ہا سیدہا قران
شریف بہی نہین پڑہا ہی ورنہ ایسا نہ لکہتا اس جگہہ مضمون اس شعر کا اوسپر صادق آتا ہی
چہ خوش گفتہ است سعدی در زلیخا الا یا ایہا الساقی ادر کاسا وناولہا اگر کسینی کلام اللہ
واحادیث مین نام نامی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سنا اور درود نہ پڑہا اور ایک مقام مین باستماع
اسم مبارک موذی درود ہوا اور استاد وعالم وسادات کی تعظیم کی واسطی اکثر نہین کہڑا ہوا اور
اگر نہ کسی محفل مین اونکی تعظیم کی لئی استادہ ہو گیا تو نزدیک عقلا کی وہ شخص اس فعل
ملام نہو گا اور مجیب چونکہ کتب شرعیہ سی واقف نہین ہی اس سبب کم علمی وجہالت کی کیونکر
معلوم کر سکی مگر اوسکی نہ معلوم ہونی سی نفی وجود لازم نہین آتی ہی قولہ اور اتفاق
علما حرمین شریفین وعلماء دیگر دیار مستحب اور افضل ہونے پر اسکے اگر

اور اقتدار علماء کرام کیف ما اتفق ہرزہ ہے بدون حجت شرعی کی ماموربہ ہوں یہہ بات اصول
شرع سے ثابت نہیں ہوتی ہے ومن ادعی فعلیہ البیان اقول اس کلام سے جہالت وتعلی منکر کی
آشکارا وعیاں ہے ظاہرا یہہ مقولہ اپنی استاد عبد الحق ساکن قصبہ نوتنی سے سیکہا ہے مگر عجب
ہے کہ رسالہ اثبات التقلید لارشاد البلید مصنفہ مولوی نصر اللہ خان احمدی خورجوی
کا اور کتاب تنبیہ الضالین وہدایۃ الصالحین مستند باقوال علماء حرمین شریفین ومولانا محمد اسحق
صاحب ومولوی محمد علی رامپوری ومولانا محمد صدر الدین صاحب ودیگر علماء دہلی
وغیرہ کی کہ رد قول مردود پیشوای اہل ضلالت ہیں درباب منع تقلید کی مولف نے نہیں دیکہا
یا بسبب بلادت کی نہیں سمجہا ورنہ اقتدائے استاذہ طالب دلیل شرعی کا نہوتا اب مختصرا بسطہ
تنبیہ وتادیب محجوب منکر کی بیان کرتا ہوں کہ احکام شرعیہ میں تفحص کرنا دلیل کا منصب مجتہدین
کاملین کا ہے اور سوائے انکی اور علماء وکافہ عوام وجہلا پر تقلید مجتہدین واتباع علماء کی لازم
ہے اور معنی تقلید کی لغت میں یہہ ہیں التقلید در گردن افگندن حبل وغیرہ آن کسی را وکار
در عہدہ کسی کردن ہے کذا فی الصراح اور اصطلاح اصول فقہ میں عبارت ہے اتباع انسان سے
غیر کی واسطے اقوال وافعال میں حق جانکر بغیر نظر وتامل کی بیچ دلیل کی گویا کہ اس مقلد نے
قول وفعل غیر کا قلادہ اپنی گردن میں ڈالا بغیر مطالبہ دلیل کی قال فی التحقیق
شرح الحسامی والتقلید اتباع الانسان غیرہ فیما یقول او یفعل معتقدا للحقیۃ فیہ
من غیر نظر وتامل فی الدلیل کان ہذا المتبع جعل قول الغیر او فعلہ قلادۃ فی عنقہ من
غیر مطالبۃ دلیل وفی کشف المنار اعلم ان التقلید عبارۃ عن اتباع الرجل غیرہ فیما سمعہ یقولہ علی
تقدیر انہ محق بلا نظر وتامل فی الدلیل کانہ جعل قولہ قلادۃ فی عنقہ اور خود عبد الحق استاذ منکر اپنے
رسالہ میں معنی تقلید کی اسطرح بیان کیا ہے کہ تقلید اتباع ہے غیر معصوم کی ساتھ حسن ظن کے
بغیر دلیل شرعی کی التقلید اتباع غیر معصوم بحسن ظن بلا دلیل شرعی اور مجتہد
مطلق کو اوپر دلیل ہی کی عمل کرنا چاہیے اور مجتہد اسکو کہتے ہیں کہ جانے قرآن وحدیث
کو مع کلا حقہما یعنی تمام اقسام وانواع انکی عبارۃ النص ودلالۃ النص واشارۃ النص واقتضاء
النص اور ناسخ ومنسوخ وظاہر ونص ومفسر ومحکم ومتشابہ ومأول وخفی ومشکل ومجمل وخاص

خاص و غیرہا و اقسام حدیث صحیح و ضعیف و حسن و مرفوع و موقوف و آحاد و مشہور و متواتر و مرسل و
منقطع و منکر و معلل و شاذ و غیرہا اور ماہر ہو علم لغت و مواد اشتقاق و صرف و نحو و معانی و
بیان میں اور جانتا ہو مواضع اختلاف جملہ علما و طرق رد و کلام فصیح و ردی و مذموم و منفرد و
شاذ و شواذ و نوادر و حقیقت و مجاز وغیرہ اور ان شرط اجتہاد کی یہہ ہی کہ کتاب اللہ
کا جاننا ہووی وہ کتاب ایسی بڑی نہی کیونکہ ایک ایک مسئلہ کا کہتی ہی اور جو ان سب امور کو
نہ جانتا ہو وہ بزمرہ عامی و جہال کی معدود ہی اوسپر تقلید لازم ہی کہ بلا دلیل اتباع کری کذا فی
التحریر لابن ہمام و التیسیر و التقریر شرحیہ و عمدۃ المرید شرح جوہر التوحید و السراجیہ فتح القدیر و الکافی
و فتاوی عالمگیری اور اگر زیادہ تفصیل و توضیح دیکھنا منظور ہو تو تنبیہ الضالین دیکھو اور اسط تنبیہ الغبی
ضالین اور ہدایت صالحین کی تصنیف ہوئی ہی اور اللہ تعالی فرماتا ہی فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم
لا تعلمون یعنی پوچھو علما دین سی جو نہیں جانتی ہو اور بموجب فرمانی علما کی عمل میں لاؤ اور ترک اتباع
مسلمین کو اللہ تعالی نی مانند مخالفت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی قرار دیا ہی قولہ تعالی و من یتبع
غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولی و نصلہ جہنم و ساءت مصیرا کذا فی نور الانوار
و التنقیح و التوضیح اور حدیث صحیح وارد ہی اتبعوا السواد الاعظم یعنی اتباع کرو جمہور علما کی
اور دوسری حدیث میں آیا ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الشیطان ذئب الانسان
کذئب الغنم یاخذ الشاذۃ و القاصیۃ و الناحیۃ و ایاکم و الشعاب علیکم بالجماعۃ
و العامۃ رواہ احمد یعنی فرمایا ہی پیغمبر صاحب نی کہ شیطان بھیڑیا آدمی کا ہی مانند بھیڑیا بکری
کی کہ پکڑ لیتا ہی بکری گریزندہ و دور رفتہ و یکجانب ماندہ کو دور رہو تم اپنی تئیں گھاٹیوں کی
راستی سی یعنی جماعت سی باہر نہ چلو اور لازم پکڑو جماعت اور اکثر کو یعنی اتباع اکثر و جمہور علما کی
لازم پکڑو اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ سی مروی ہی کہ واجب ہی عامی پر پیروی کرنی فقہا کی کیونکہ
اوسمیں قابلیت نہیں ہی اس بات کی کہ حدیثوں کو سمجھی اور معنی اوسکی دریافت کری اور تاویلات
کو اوسکی سمجھی اور منسوخ کو ناسخ سی اور عام اور خاص اور محکم و متشابہ وغیرہ کو الگ الگ تمیز
کری اور احکام کو معلوم کری روی عن ابی یوسف رحمہ اللہ انہ واجب علی العامی الاقتداء
بالفقہاء لعدم الاهتداء فی حقہ الی معرفۃ الاحادیث و معانیها

وتاویلاتها وناسخها ومنسوخها وخاصها وعامها ومحکمها ومتشابهها اور روایات فقهیه
باب وجوب اتباع فقہای مذکورہ ذیل میں فی جواہر الفتاوی اما فی حق عامة المسلمین
لا یکون فی وسع کل واحد ان یرجح الدلائل ویجتهد لکن ینبغی ان یرجح اماما ویکون
متبعا فی الدر المختار وقد ذکروا ان المجتهد المطلق فقد فقد واما المقید فعلی سبع مراتب
مشهورة واما نحن فعلینا اتباع ما رجحوه وما صححوه کما لو افتوا فی حیاتهم فان قلت قد
یحکون اقوالا بلا ترجیح وقد یختلفون فی التصحیح قلت یعمل بمثل ما عملوا من اعتبار تغیر العرف
واحوال الناس وما هو الارفق وما ظهر علیه التعامل وما قوی وجهه ولا یخلو الوجود
عمن یمیز هذا حقیقة لا ظنا وعلی من لم یمیز ان یرجع لمن یمیز لبراءة ذمته وایضا فیه فی
مقام آخر وان لم یکن مجتهدا فعلیه تقلیدهم واتباع رأیهم فی مختصر الاجناس القاضی اذا لم
یکن مجتهدا فعلیه اتباع رأی الفقهاء فی العقائد الحاجبیه ویفترض علی المقلد اتباع المجتهد
سواء کان ذلک المقلد عامیا او عالما بطرق علم من العلوم فی مسلم الثبوت اجمع المحققون
علی منع العوام من تقلید اعیان الصحابة بل علیهم اتباع الذین سبروا وبوبوا وهذبوا
ودققوا وعللوا وفصلوا فی شرح المسلم لمولانا ملک العلماء عبد العلی محمد رحمة الله علیه یعنی یجب
علی العوام تقلید من تصدی علم الفقه لا اعیان الصحابة المجملین القول فی فیض القدیر
شرح الجامع الصغیر یجب علینا اعتقاد الائمة الاربعة ولا یجوز تقلید الصحابة ولذا
التابعین کما قاله امام الحرمین وقد نقل الامام الرازی اجماع المحققین علی منع العوام
من تقلید اعیان الصحابة وغیرهم وهکذا قال الامام المحقق النووی فی شارح
الاربعین وهکذا قال ابن الحجر فی رسالته پس اگر منکر دعوی اجتہاد کا کرے پس اسکا یہ محض
بدیہی البطلان ہے واسطے کہ اسکو استعداد علم صرف ونحو کی بھی نہیں ہے لا محالہ ایسا ہی جاہل ہے تو اسکو سوای تقلید واتباع
علماء کرام کی کچھ چارہ نہیں ہے اور اسکو کیا منصب ہے کہ مطالبہ دلیل شرعی کرے اور وہ دلیل کو کیا سمجھے گا
اور اس جگہ آیت وحدیث واجماع تین اصول شرع شریف سے وجوب تقلید واتباع لکھا گیا اب
منکر پر لازم ہے کہ اپنے قول باطل سے توبہ کرے اور ہدایت پکڑے اور اپنی جہل کی ہٹ سے قدر
سے اللهم اهده قوله بلکہ علماء نامدار اور فضلاء تقوی شعار مثل ملا علی قاری حنفی

وغیرہ نے بدعات حرمین میں رسائل لکھی ہیں اور رداد الضالین کی ہی ہی اقول منکر نے عبارت
ملا علی قاری کی نہیں سمجھی اس مقام میں نہیں لکھی ہرگز رسائل ملا علی قاری میں نا منقول ہوا فعل علمای
حرمین شریفین کا مرقوم نہیں ہے اور اگر بعض عوام کی لکھی ہوں تو اوربات ہے کلام
علما میں ہے نہ جہلا میں اگر مجیب سچا ہے تو عبارت ملا علی قاری کی درباب تضلیل علمای
حرمین شریفین در مرتکب ہونے بدعات اونکا حاشا ہم تو نہیں لکھ نقل کرے صرف تحریر مجیب سماعند
کی کافی نہیں ہے قوله اور اسلاف صالحین سے بہت سی صوفیان کرام نے گانا مزامیر اور معازف
کے ساتھ سنا ہے حالانکہ اگر کوئی اونکے فعل کو حجت گردانے علمای شریعت کے سامنے اصلا مجاز
نہیں گا اقول منکر کا یہہ قیاس مع الفارق ہے کجا راگ باجے ومعازف محرمہ کے ساتھ کہ فقہای
کرام نے بالاجماع اوسکو حرام لکھا ہے اور کہاں قیام واسطے تعظیم نبوی کے کہ مامور بہ ہے بہیہا بون بعید
ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا اس مقام پر یہہ مثل صادق آتی ہے من چہ میسرایم و طنبورہ
من چہ میسراید قوله علاوہ اسکے نقول علمای دیندار کی کتب مشہورہ میں تصریح کی بدعت ورد کا
ہے نے اس فعل پر اقول یہہ محض غلط ہے بلکہ محدثین کبار نے تصریح کی ہے اوپر استحسان و استحباب
اس فعل کے اور اجماع علما کا اسپر نقل کیا ہے جیسا کہ استفتا ہای استحسان قیام میں مذکور ہے
واضح ہے قوله چنانچہ شیخ محمد شامی نے اپنی کتاب جو مسمی سبیل الرشاد فی احوال خیر العباد او جو
بسیرۃ الشامی ہے چھٹی باب میں لکھا ہے عبارت انکی یہہ ہے جرت عادۃ کثیر من المحبین
اذا سمعوا بذکر وضعه صلی الله علیه وسلم ان یقوموا تعظیما له صلی الله علیه وسلم
وهذا القیام بدعة لا اصل له انتهی اقول منکر نے اصل کتاب سیرت شامی نہیں دیکھی
کسی استفتا وغیرہ میں عبارت دیکھکر اور تصرف کرکے بقدر اپنے مطلب کے عبارت نقل کردی
اسپر دلیل یہہ ہے کہ نام کتاب کا غلط لکھا صحیح نام اس کتاب کا سبل الہدی والرشاد ہے اور
منکر نے نقل میں خیانت کی ہے کہ اصل عبارت لا اصل لها ہے اور قاعدہ نحو بھی اسی کا مقتضی
ہے کیونکہ ضمیر تانیث لہا کی طرف بدعت کے راجع ہے منکر نے لا اصل له لکھا ہے تفصیل اسکی یہ ہے
اصل کتاب سبل الہدی والرشاد میرے پاس موجود ہے اور اس عبارت سے حسب مقام کراہت
قیام نہ صراحۃ مستفاد ہے اور نہ ضمنا اوس سے صرف ہونا قیام کا ایسی بدعت کہ لا اصل لها

و حسنہ و مستحب بقصد الاجر وقیل مستحب ذلک فی التمصنی شرح النقایۃ الاجتماع اسی لا یسید
اجتماع الناس یوم عرفۃ فی غیر عرفۃ تشبیہا بالواقفین بعرفۃ مستحسن ہے در باب تلفظ نیت نماز
بیچکانہ باوجودیکہ فعل آنحضرت صلعم و صحابہ سے ثابت نہیں ہے فقہاء عظام نے مستحب و مستحسن
لکہا ہے اور یہ قول مفتی بہ و مختار اصحاب متون اربعہ ہے فی الدر المختار والتلفظ بہا مستحب
ہو المختار وقیل سنۃ یعنی احبہ السلف او سنۃ علماؤنا اذ لم ینقل عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ولا الصحابۃ والتابعین بل قیل بدعۃ فی البحر الرائق قد اختلف کلام المشایخ فی التلفظ
باللسان فذکر فی منیۃ المصلی انہ مستحب ہو المختار وصححہ فی المجتبی وفی الہدایۃ والکافی والتبیین
انہ یحسن لاجتماع عزیمتہ وفی الاختیار معزیا الی محمد بن الحسن انہ سنۃ وہکذا فی المحیط والبدائع
وفی القنیۃ انہ بدعۃ الا انہ لو لم یمکنہ اقامتہا فی القلب الا باجرائہا علی اللسان فحینئذ یباح و
نقل عن بعضہم ان السنۃ الاقتصار علی نیۃ القلب فان عبر عنہ بلسانہ جاز ونقل فی شرح
المنیۃ عن بعضہم الکراہۃ وظاہر ما فی فتح القدیر اختیار انہ بدعۃ فانہ قال قال بعض الحفاظ لم یثبت
عن رسول اللہ صلعم من طریق صحیح ولا ضعیف انہ کان یقول عند الافتتاح اصلی کذا ولا عن احد من
الصحابۃ والتابعین بل المنقول انہ صلعم کان اذا قام الی الصلوۃ کبر وہذہ بدعۃ انتہی وزاد فی
شرح منیۃ المصلی انہ لم ینقل عن الائمۃ الاربعۃ الخ فتحرر من ہذا انہ بدعۃ حسنۃ عند قصد جمع العزیمۃ
وقد استفاض ظہور العمل بذلک فی کثیر من الامصار فی عامۃ الاعصار فلعل القائل بالسنۃ اراد بہا
الطریقۃ الحسنۃ لا طریقۃ النبی صلعم اور مانند اسکی تثویب کو یعنی درمیان اقامت و اذان کی
اعلام ثانی کرنا یعنی الصلوۃ الصلوۃ یا اقامت اقامت اور مانند اسکی کہنا باوجودیکہ
فعل آنحضرت صلعم و صحابہ و تابعین سے منقول نہیں ہے فقہاء کرام نے مستحب لکہا ہے فی شرح الوقایۃ
واستحسن المتاخرون تثویب الصلوۃ کلہا فی فتاوی عالمگیری والتثویب حسن عند المتاخرین فی
کل صلوۃ الا فی المغرب ہکذا فی شرح النقایۃ فی الدر المختار ویثوب بین الاذان والاقامۃ فی الکل للکل
بما تعارفوہ الا فی المغرب انتہی در مختار میں سلام کہنا بعد اذان کے سنہ سات سو اکاسی میں
حادث ہوا اور بدعت حسنہ لکہا فی الدر المختار التسلیم بعد الاذان حدث فی ربیع الآخر سنۃ سبعمائۃ واحدی
وثمانین فی عشاء لیلۃ الاثنین ثم یوم الجمعۃ ثم بعد عشر سنین حدث فی الکل الا المغرب ثم فیہا مرتین

وہو بدعۃ حسنۃ وجملہ نوافل واوراد کا یہی حکم ہی مثلا کسی شخص نی یہہ مقرر کیا کہ ہر روز
بعد نماز ظہر کی بیس رکعت نفل پڑہا کرونگا یا کسی شخص نی بعد ہر نماز فرضیہ کی ہمیشہ
پڑہنا سترہ مشترہ سو ورد کیا وعلی ہذا القیاس پس نزدیک علما کی فاعل اسکا مستحق
ثواب ہوگا اور بلحاظ اسکی کہ زمانہ صحابہ وتابعین میں یہہ فعل منقول کسی سی نہیں ہی
اس فعل پر لائق عتاب وملامت کی نہوگا کما لا یخفی علی من لہ ادنی بصیرۃ وعلم وفہم قولہ
مثل وفات ناموں کی پڑہنا بقول شاہ ولی اللہ محدث الدہلوی قدس سرہ کی کہ بیچ رسالہ
قول جمیل کی فرماتی ہین واما الآفات التی تعتری الوعاظ فی زماننا فمنہا عدم تمییزہم بین
الموضوعات وغیرہا بل غالب کلامہم الموضوعات والمحرمات وذکرہم الصلوۃ والدعوات
التی عدہا المحدثون من الموضوعات ولہا مبالغتہم فی الشیء من الترغیب والترہیب ومنہا
قصہم قصہ کربلا والوفاۃ وغیر ذلک فی المواسم وخطبہم فیہا واللہ اعلم اقول قول جمیل
کی عبارت منقولہ مین کچہہ ذکر بدعت ہونی محفل مولد شریف وقیام کا نہین ہی بلکہ ذکر
آفات کا ہی کہ واعظوں نی فی زماننا بیان کرنا اختیار کیا ہی اور باوجود عدم علم حال
ناسخ ومنسوخ واقسام آیات وانواع احادیث موضوعات ومحرمات خلط کرکی قصہ ہای
کربلا وغیرہ وعظ مین بیان کرتی ہین جس طرح کہ وعظ منکر اول کا ہی منکر ثانی نی اپنی کلام
زینت کی واسطی عبارت قول جمیل کی بی محل اس جگہہ لایا تا کہ عوام کی نزدیک موجب زیادتی
اعتبار جواب اوسکی کا ہو مگر نزد اہل علم کی یہہ مغالطہ آور دہوکہا دینا کچہہ فائدہ نہین دیتا
قولہ اور طرفہ یہی کہ اوس مین خلاف معقول ومنقول وقت ذکر وضع حمل کی حاضرین ناظر
سمجہہ کر گویا اسوقت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم شکم مادر سی تشریف باہر لاتی ہین تعظیما
قیام کرنا نزدیک فقیر کی بدعت بلکہ کفر اور شرک ہی فی السیادہ اقول محافل میلاد مین اجتماع
صلحا ومحبین ومسلمین اور ذکر آیات ربانی وبیان معجزات وشمائل واخلاق مصطفوی ہوتا ہی
اور ہر ایک مسلمان حاضر ونزدیک جیسی ہین اور شکر گزاری حق تعالی کی بابت ایجاد وخلق
ایسی رسول کریم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی بمقتضای لئن شکرتم لازیدنکم کی جاتی
ہی اور حق تعالی کی اطاعت ونافرمانی رسول مقبول کی اطاعت اور نافرمانی اپنی اور ذکر

رسول کریم کا لعینہ ذکر آیا فرمایا ہی اور کتب احادیث وسیر مین متواتر آیا ہی کہ جس مجلس مین
مسلمان ذکر خدا اور رسول کرتی ہین فرشتگان الٰہی حاضر ہوکر اونپر سایہ کرتی ہین اور تا اتمام
حاضر رہتی ہین اور اونکی حقمین دعا کرتی ہین اور سفارش اونکی بجناب حق تعالی کرتی ہین
اور اون مسلمانون کو رحمت الٰہی احاطہ کر لیتی ہی اور گناہ اونکی زائل اور درجات اونکی
مرتفع ہوتی ہین اور جس مقام پر درود پڑھا جاتا ہی فرشتگان سیاحین بجناب آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم حاضر ہوکر عرض کرتی ہین کہ فلانی شخص نی درود پڑھا اور یہہ بھی حدیث
قدسی مین آیا ہی کہ حق تعالی نی فرمایا انا جلیس من ذکرنی یعنی مین ہمنشین اوس شخص کا
ہون کہ مجھکو یاد کرتا ہی کذا فی شرح سفر السعادت لمولانا المحدث الدہلوی علیہ الرحمۃ اور
یہہ بھی مقرر ہی کہ وقت ذکر کسی شخص کی تصور مذکور الیہ ہوتا ہی اور تنبیہ الغافلین ابو اللیث محدث
وفقیہ سمرقندی مین یہہ حدیث مروی ہی روی عن ابی ہریرۃ او عن ابی سعید الخدری رضی اللہ
عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ تعالی ملائکۃ سیاحین فی الارض فاذا
وجدوا قوما یذکرون اللہ تعالی ینادون فیقولون ہلموا الی بغیتکم فیجیئون
فیحفون بہم فاذا صعدوا الی السماء یقول اللہ تعالی علی ای شیء ترکتم عبادی
ماذا یصنعون وہو اعلم بہم فیقولون ترکناہم یحمدونک ویمجدونک ویذکرونک
فیقول فای شیء یطلبون وہو اعلم بہم فیقولون الجنۃ فیقول اللہ ہل رأوہا
فیقولون لا فیقول کیف لو رأوہا فیقولون لو رأوہا لکانوا اشد لہا طلبا واشد لہا
حرصا فیقول من ای شیء یتعوذون وہو اعلم بہم فیقولون انہم یتعوذون من النار
فیقول لہم ہل رأوہا فیقولون لا فیقول کیف رأوہا فیقولون لو رأوہا لکانوا اشد
منہا خوفا فیقول فانی اشہدکم انی قد غفرت لہم فیقولون ان فیہم فلانا الخاطی لم
یردہم وانما جاءہم لحاجتہ فیقول ہم قوم لا یشقی بہم جلیسہم یعنی ابی ہریرہ یا
ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کہ آنحضرت صلعم نی فرمایا ہی کہ اللہ تعالی نی
فرشتگان سیاحین کو زمین پر مقرر فرمایا ہی جس وقت وہ پاتی ہین کسی جماعت کو بحالت
ذکر کرتی حق تعالی کی وہ پکارتی ہین اوس جماعت کو کہ جلد ہو مقصود و مطلب اپنا لین

فرشتی آتی ہین محفل مین اور صحبت کرتی ہین ساتھہ اونکی پس جسوقت وہ فرشتی آسمان
پر جاتی ہین حق تعالی اونسی پوچھتا ہی کہ کس حالت مین تمہاری بندونکو چھوڑ آئی
ہو اور وہ کیا کرتی ہین پس فرشتی عرض کرتی ہین وہ لوگ تحمید و تمجید و ذکر تیرا کرتی
ہین پس حق سبحانہ پوچھتا ہی اون فرشتون سی وہ کیا مانگتی ہین فرشتی جواب
دیتی ہین کہ بہشت مانگتی ہین پس کہتا ہی اللہ تعالی کہ کیا بہشت کو دیکھا ہی فرشتی جواب
دیتی ہین کہ نہین دیکھا پس کہتا ہی اللہ تعالی کہ کیونکر دیکھین گی اوسکو کہتی ہین
فرشتی اگر دیکھتی بہشت کو پیراستہ ہوتی وہ لوگ طالب تر و حریص تر واسطی بہشت کی
پہر اللہ تعالی استفسار فرماتا ہی کہ پناہ کس چیز سی مانگتی ہین وہ کہتی ہین دوزخ سی پہر
کہتا ہی اللہ کیا دیکھا ہی دوزخ کو فرشتی کہتی ہین کہ نہین دیکھا پہر کہتا ہی اللہ تعالی
کہ کیونکر دیکھین گی فرشتی کہتی ہین کہ اگر دیکھتی ہوتی وہ لوگ خائف تر اوس سی
پس فرماتا ہی اللہ تعالی تمکو گواہ کرتا ہون مین اس بات پر کہ مین نی مغفرت اونکی کی پہر
فرشتی عرض کرتی ہین کہ فلانا گنہگار اوس مجلس مین اور کسی مطلب کو آیا ہی اوس ساعت
مین نہین ہی حق تعالی فرماویگا کہ ذاکرین ایسی قوم ہین کہ نا امید نہین ہوتا ہمنشین اونکا
اور حدیث دوسری یہہ ہی رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَا جَلَسَ
قَوْمٌ يَذْكُرُوْنَ اللهَ اِلَّا نَادَاهُمْ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ قُوْمُوْا فَقَدْ بُدِّلَتْ سَيِّئَاتُكُمْ
حَسَنَاتٍ وَغُفِرَ لَكُمْ جَمِيْعًا وَمَا قَعَدَ عِدَّةٌ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ يَذْكُرُوْنَ اللهَ تَعَالٰى
اِلَّا قَعَدَ مَعَهُمْ عِدَّةٌ مِنَ الْمَلٰئِكَةِ یعنی فرماتا ہی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی نہین
بیٹھتی ہین گروہ ذکر کرتی واسطی اللہ تعالی کا مگر منادی ندا کرتا ہی آسمان سی کہڑی ہو
پس تحقیق تبدیل ہوگئین بدیان تمہاری ساتھہ نیکی کی اور تم سب کی مغفرت ہوئی اور
نہین بیٹھتی ہین جس قدر آدمی زمین مین کہ ذکر کرتی ہین اللہ تعالی کا مگر بیٹھتی ہین اونکی
ساتھہ اوسی قدر فرشتی اور ظاہر ہی کہ ذکر اللہ تعالی اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا جس محفل
مین ہو وہان خود اللہ تعالی ہمنشین ہوتا ہی اور فرشتی حاضر ہوتی ہین اور بعضون کی
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوتا ہی روح بہی گو جسم حاضر ہوتی ہی کما ہو فی تحفۃ العلماء یکہ

المنقول انتقاد فی ہدی الانام فی مسئلۃ القیام و ہان سب مغفور ہوتی ہین اور حاجات اونکی
سبباعث برکت بر آتی ہین اور محل استجابت دعا ہی شعر اور اتحشم پاک نوان دیدجون
ہلال + ہر دیدہ جامی منتظران ماہ پارہ نیست + لیکن جنکی دلمین اللہ تعالی کی عشق و محبت رسول
صلعم مخمر کیا ہی اور مراتب تعظیم نبی صلعم سی بخوبی واقف ہی اور بموجب رسم مروجہ دیار کے
اور دونکی تعظیم کی واسطی کھڑا ہوتا ہی تو اوسکو نظر تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور بلحاظ اتباع
اور مسلمین کی بغیر کھڑی ہوجانیکی کب قرار ہوگا اور محفل مولد سی بکمال خوشی مومنین کو اور ناخوشی
و ناگواری شیاطین کو ہوتی ہی جیسا کہ امام المحدثین ابن جوزی و شیخ عبد الحق محدث رحمہما اللہ
نی تصریح کی ہی پس جو شخص ایسی فعل کی طرف نسبت شرک و کفر کی کرتا ہی اسکو مشرک اور کافر
ہونا جملہ مجتہدین عظام و علما و اولیا کرام کا لازم آتا ہی جنہون نی محامد محافل مولد شریف لکھی ہین اور
استحسان قیام کہا ہی مثل حضرت غوث اعظم و ابن جوزی و امام نووی و ابو شامہ و امام برزنجی
اور چارون مفتی مکہ معظمہ کی و غیرہم نعوذ باللہ منہ اور جو یہ لکھا ہی کہ اہل محفل جانتی ہین کہ حضرت
اسیوقت مثل تا درسی تشریف باہر لاتی ہین یہہ افترا و بہتان ہی کوئی مسلمان یہہ اعتقاد نہین
رکھتا ہی کہ اسیوقت پیغمبر صاحب پیدا ہوی زمانہ پیدایش کا وہی ہی جسوقت اور جس جگہہ پیدا
ہوتی تھی اعاذنا اللہ من سوء الفہم قولہ چنانچہ امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین فرماتی ہین العبادۃ
عبارۃ عن الفعل الذی یوتی بہ لغرض تعظیم الغیر یعنی عبادت وہ فعل ہی کہ جو غیر کی تعظیم کی کرنیکی
غرض سی کیا جاوی اقول مرادی عبارت سابق و لاحق اس تفسیر کی واسطی اظہار حق کی نقل
نہین کی مراد فعل سی یہان ہر فعل تعظیمی غیر عبادت نہین ہی بلکہ وہ فعل مرادی کہ عبادۃ
واسطی تعظیم غیر کی کیا جاوی چنانچہ لام عہد اسپر دلالت کرتا ہی مگر اوکا اتنا ذہن عالی کہان اسکو
سمجھی اور نہ ایسا فہم کامل ہی کہ دوسری کی بتلانی سی اوسکی ذہن مین آتی ہی اور نہ ایسی
عقل صائب کہ تفکر و استغراق غور کری اور نہ مجالست و ممارست اس فن کی کہ تمیز کرسکی
دائرہ معنی نہ کہی جاتی اور مطلق ہر فعل تعظیمی غیر عبادت مراد ہو تو معنی آیہ کریمہ تو قیرہ
و قولہ تعالی و من یعظم حرمات اللہ فہو خیر لہ عند ربہ و قولہ تعالی و من یعظم شعائر اللہ فانہا من
تقوی القلوب کیا ہونگی اور فخر الدین رازی رحمہ اللہ علیہ نی معنی آیہ کریمہ ذالکم اللہ

ذٰلکم اللّٰه ربکم لا اله الا هو خالق کل شیء فاعبدوه میں لکھا ہے لان امر العبادة مترتب علی کونه
خالق کل شیء اذ ترتب الحکم علی الوصف بحرف الفاء مشعر بالسببیة فتقتضی ان کون الله
خالق الاشیاء هو الموجب لکونه معبودا علی الاطلاق فالاله هو المستحق للمعبودیة اور تفسیر کبیر میں
یا قوم اعبدوا الله ما لکم من اله غیره کی تفسیر میں لکھا ہے ان ظاهر الآیة یدل علی ان الاله
هو الذی یستحق للعبادة لان قوله تعالیٰ اعبدوا الله ما لکم من اله غیره نفی و اثبات فیجب ان یتوارد
علی مفهوم واحد حتی یستقیم الکلام و کان المعنی اعبدوا الله ما لکم من معبود غیره حتی یطابق
النفی الاثبات ثم ثبت بالدلائل ان الاله لیس هو المعبود والا وجب کون الاصنام آلهة وان
لا یکون الاله الهًا فی الازل لما علم انه فی الازل غیر معبود فوجب حمل الاله علی انه هو المستحق للعبادة
اور بیچ تفسیر امام رازی کے بیچ دلیل آیۂ کریمه اتجادلوننی فی اسماء سمیتموها انتم وآباؤکم
ما نزل الله بها من سلطان میں لکھا ہے انه استفهام انکار لانهم کانوا یسمون الاصنام بالآلهة
مع ان معنی الالوهیة فیها معدوم وهو استحقاق العبودیة اذ هو متفرع علی الخلق و هما منعدمان
فیهما متحققین فی الاصنام پس ماحصل کلام امام فخر الدین رازی کا یہ ہے کہ تحقق ہے کہ الوہیت
بمعنی مستحق عبادت ہے یعنی اگر غیر کو مستحق عبادت سمجھے تو مشرک ہو گا قوله اور مولانا نسفی
نے شرح عقائد میں لکھا ہے الاشراک هو اثبات الشریک فی الالوهیة بمعنی وجوب الوجود
کما للمجوس او بمعنی استحقاق العبادة کما لعبدة الاوثان اقول یہ قول علامہ نسفی کا ہمارے
مدعا سے ہے کہ یہ فعل شرک نہیں ہے دلیل ہے ان کی نہیں ہے یعنی مولانا نسفی نے معنی شرک
کے دو لکھے ہیں ایک ثابت کرنا شریک اور سہیم اللہ کا الوہیت میں جیسا کہ مجوس کہتے ہیں
خالق خیر رحمن ہے اور خالق شر کا اہرمن شیطان ہے دوسرے معنی شرک کی یہ ہے کہ دوسرے کو
شریک اللہ کا کر کے مستحق عبادت جانے جیسا کہ بت پرستوں کا عقیدہ ہے سو کوئی شخص مجلس
جانتا ہے وقت محافل مولود و قیام ذکر ولادت شریف کا آنحضرت صلعم کی حق میں اعتقاد
شریک فی الالوہیت کا رکھتا ہے اور نہ شریک بمعنی مستحق عبادت کی کرتا ہے تو اس قول علامہ
نسفی سے بطلان قول ان کا ہوتا ہے یعنی نفی شرک کا کرتا ہے بسبب دلیل الا یہ کہ اس کے قول
کو باطل کرتے ہیں الٹی استناد سے مخالفت بیچ اصل اور اس کی دعویٰ کی ہے کہ وجہ یہ درست

ہی غرض راوی کی لانی بقول علامہ نسفی و امام فخر الدین رازی سی یہہ تہی کہ جاہل خیال کرین کہ
یہہ شخص استعداد علمی رکہتا ہی کہ قول ایسی معتبرون کا دلیل مین لاتا ہی یہہ غور کر لیا کہ
جنکو اللہ تعالی نی عقل صائب عنایت فرماتا ہی وہ اوسکی تلبیس پر مطلع ہو کر حقیقت واقعی
بیان کرینگی قولہ اور عقل سی سوچا چاہئی کہ وقت خاص وضع حمل ایسی شخص پاک اوس جگہہ
کوئی موجود رہ سکتا ہی اقول کوئی شخص یہہ اعتقاد نہین کرتا ہی کہ اسی وقت ہماری سامنی
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا وضع ہوا ہی یہہ ہذیان سرائی ہی سبحانک ہذا بہتان عظیم قولہ
جسکی واسطی ان نادانون نی اقیام کہ درحقیقت عبادت ہی واجبات سی قائم کیا ہی
اقول ہونا قیام کا عبادت سی ممنوع اور غیر مسلم ہی اور یہ دعوی بلا دلیل ہی کوئی دلیل اوپر
ہونی قیام کی عبادت سی نہین لایا ہی اب اوسپر لازم ہی کہ کوئی آیت یا حدیث یا قول
کسی محدث یا فقیہ معتبر کا مشعر اسکی کہ قیام عبادت سی ہی اور وہ مخصوص صرف اللہ کی
ساتہہ ہی پیش کری اوسوقت دیکہا جاویگا اور سچولی رد و قدح کی جاوی گی اور اس مقولی
سی صاف منکشف ہوگیا کہ معنی حقیقت و مجاز و قیام و عبادت سی حضرت راد کو
آگاہی نہین ہی اول معنی لغوی و اصطلاحی ان الفاظ کی کسی واقف کار فن سی صحت
کر لی اور بعد دریافت معانی کی غور کری کہ دعوی ہونی قیام کا درحقیقت عبادت سی
صحیح ہی یا غلط اور کتب احادیث مین ثابت ہوا ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی
واسطی قیام تعظیمی سعد کی طرف انصار کی مخاطب ہو کر امر فرمایا قوموا الی سیدکم اور خود بہ
نفس نفیس واسطی تعظیم کی کہڑی ہوئی اور آپ کی سامنی اورون نی قیام کیا اور آپنی اوس
پر انکار نہ کیا اور کتب فقہ مین جواز قیام بخوبی ثابت ہی چنانچہ بیان مفصل اسکا ردید مولف
قیام مین عنقریب کیا جاویگا قولہ سچ ہی مصرعہ فکر ہر کس بقدر ہمت اوست اقول ہمارا
